نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

حکومت پنجاب کی جانب سے کپاس کے تصدیق شدہ بیج کی ترویج اور پیداوار میں اضافہ کے لئے کاشتکاروں کو اربوں روپے سبسڈی کی فراہمی

لاہور20 مارچ2023:(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق حکومت پنجاب کپاس کے تصدیق شدہ بیج کی ترویج اور پیداوار میں اضافہ کے لئے اربوں روپے کی سبسڈی فراہم کر رہی ہے۔اس ضمن میں کپاس کی منظورشدہ اقسام بی ایس-15،سی آئی ایم-663،سی کے سی-1،سی کے سی-3،ایف ایچ-490،آئی یو بی-2013،ایم این ایچ-1020،نجی-11،نیاب-545،نیاب-878،نیاب-1048،نیاب کرن کی کاشت پر رجسٹرڈ کاشتکاروں کو5 ایکڑ تک سبسڈی حاصل کر سکے گا۔یہ سبسڈی" پہلے آئیں- پہلے پائیں" کی بنیاد پر دی جائے گی۔یہ سبسڈی تھیلوں میں موجود واؤچر کے ذریعے رجسٹرڈ کاشتکاروں کوفراہم کی جائے گی۔کاشتکار سبسڈی کے حصول کے لئے کاشتکار خفیہ واؤچر نمبر اسپیس اپنے شناختی کارڈ نمبر کے 8070 پر ایس ایم ایس کریں گے۔ان اقسام کی کاشت پر کپاس کے کاشتکاروں کو1000 روپے فی بیگ سبسڈی دی جائے گی۔کاشتکار سبسڈی واؤچر والا تھیلا اپنے قریبی مرچنٹ سے طلب کر سکتے ہیں۔ کاشتکار کپاس کی کاشت کیلئے صرف منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں،نامنظور شدہ اور غیر قانونی بیج کے استعمال سے کپاس کی پیداوار میں نمایاں کمی ہو جاتی ہے۔کاشتکار کپاس کی کاشت یکم اپریل تا31 مئی تک مکمل کریں گے۔کاشتکار بی ٹی اقسام کے ساتھ 10 فیصد رقبہ نان بی ٹی اقسام بھی کاشت کریں تا کہ حملہ آور سنڈیوں میں بی ٹی اقسام کے خلاف قوتِ مدافعت نہ پیدا ہو سکے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ کاشتکار تصدیق شدہ معیاری بیج پنجاب سیڈ کارپوریشن کے علاوہ رجسٹرڈ پرائیویٹ اداروں سے حاصل کیا جاسکتے ہیں۔

☆☆☆☆